جب کتا تم میں سے کسی کے برتن سے (کچھ) پی لے، تو اسے سات مرتبہ دھو لے

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا : "جب کتا تم میں سے کسی کے برتن سے (کچھ) پی لے، تو اسے سات مرتبہ دھو لے" مسلم کی روایت میں ہے : "پہلی مرتبہ مٹی سے دھویا جائے"

[صحیح] [متفق علیه]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے حکم دیا کہ جب کتا برتن میں منہ ڈال دے، تو اسے سات بار دھویا جائے سات میں سے پہلی بار مٹی سے دھویا جائے، تاکہ اس کے بعد جب پانی سے دھویا جائے، تو برتن پوری طرح صاف ہو جائے گندگی اور نقصان دہ چیزیں باقی نہ رہیں

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3143